INFOCOLOGY

FIRST EDITION

Author : Faisal Aslam

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

پیش لفظ

السلام علیکم !

یہ کتاب ہماری معلومات عامہ کتب کے سلسلے کا ایک حصہ ہے۔پہلے ہم مسلم کوئز کمپیٹیشن دو سو سوالات، تین سو سوالات اور چار سو سوالات کے ساتھ ساتھ مشہور شخصیات کے اصل نام، مشہور شخصیات، مقامات اور ممالک کے صفاتی نام اور معلومات پاکستان کتب پیش کر چکے ہیں۔اور یہ کتاب انفو کولوجی بھی ہم اسی امید کے ساتھ پیش کر رہے ہیں کہ آپ اسے بھی پہلے جیسی ہی پذیرائی دیں گے۔

ہم اس کتاب میں دی گئی تقریباً تمام معلومات اپنے فیس بک پیج مسلم کوئز کمپیٹیشن پہ شیئر کر چکے ہیں۔ اور مزید بھی ہم ہر روز اس پیج پہ منفرد انوکھی اور حیران کن معلومات کے ساتھ ساتھ روزمرہ زندگی سے متعلق مختلف ٹپس بھی شیئر کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ جیسا کے ہمارے اس پیج کا نام کوئز کمپیٹیشن ہے تو اس پیج پہ ایک کوئز پروگرام بھی چل رہا ہے جس میں ہم مختلف موضوعات پہ ہر روز ایک سوال پوچھتے ہیں پھر اس سوال کا صحیح جواب پوسٹ کرتے ہیں ساتھ میں صحیح جواب دینے والوں کے نام بھی شو کرتے ہیں اور مہینے کے آخر پہ سب سے زیادہ صحیح جوابات دینے والوں کی حوصلہ افزائی کے لیے انعامات بھی دیئے جاتے ہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

آپ سے بس ایک ہی گزارش ہے کہ اگر آپ کو یہ کتاب پسند آئے تو اسے دوسروں کو ضرور دیں تا کہ دوسرے بھی اس سے استفادہ کر سکیں۔ اگر آپ ہمارے ساتھ کچھ تجاویز، مشورہ شیئر کرنا چاہتے ہیں تب بھی ہم آپ کے شکر گزار رہیں گے اس کے علاوہ بحیثیت انسان کسی قسم کی کوئی غلطی کوتاہی اس کتاب میں سرزد ہو گئی ہو تو بھی ضرور نشاندہی کریں تا کہ اگلے ایڈیشن میں اسے دور کیا جا سکے۔ یہ کتاب کاغذی حالت میں نہیں ہے صرف کمپیوٹرائزڈ ہی آپ اسے پڑھ سکتے ہیں۔

براہ رابطہ

فون نمبر 03367160399

ای میل / فیس بک fan336@gmail.com

فیس بک پیج https://facebook.com/Muslim.Quiz.Competition

ویب پیج www.gkdunya.blogspot.com

بک ایڈیشن اکتوبر2014

جمع و تدوین، کمپوزنگ، پروف ریڈنگ: فیصل اسلم

خصوصی تعاون: وقار عظیم

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

یہ کتاب میں اپنے

والدین

کے نام کرتا ہوں جو خود تو پڑھے لکھے نہیں لیکن انہوں نے اپنا خون پسینہ ایک کر کے مجھے کم از کم اتنا تو

پڑھا دیا کہ آج میری لکھی کتاب آپ پڑھ رہے ہیں۔ الحمدللہ

میرے والدین کی لمبی عمر اور صحت یاب زندگی کے لیے دعا کریں شکریہ



MY GREAT DAD AND ME

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

معلومات قران

1. قرآن کی پہلی منزل میں 4 سورتیں 85 رکوع اور 669 آیات ہیں۔
2. قرآن کی دوسری منزل میں 5 سورتیں 86 رکوع اور 695 آیات ہیں۔
3. قرآن کی تیسری منزل میں 7 سورتیں 68 رکوع اور 665 آیات ہیں۔
4. قرآن کی چوتھی منزل میں 9 سورتیں 76 رکوع اور 903 آیات ہیں۔
5. قرآن کی پانچویں منزل میں 11 سورتیں 72 رکوع اور 856 آیات ہیں۔
6. قرآن کی چھٹی منزل میں 14 سورتیں 69 رکوع اور 887 آیات ہیں۔
7. قرآن کی ساتویں منزل میں 64 سورتیں 102 رکوع اور 1561 آیات ہیں۔
8. قرآن کا سب سے بڑا پارہ تیسواں ہے جس میں 37 سورتیں 39رکوع اور 564 آیات ہیں۔
9. قرآن کا سب سے چھوٹا پارہ چھٹا ہے جس میں 111 آیات ہیں۔
10. قرآن کی سب سے چھوٹی آیت (بامعنی) سورۃ مدثر کی آیت نمبر 21 ہے۔
11. قرآن کی سب سے بڑی آیت سورہ بقرہ کی آیت 282 ہے۔
12. قرآن کا سب سے بڑارکوع سورۃ صٰفٰت کادوسرا رکوع ہے۔اس میں 53 آیات ہیں۔
13. قرآن کا سب سے چھوٹا رکوع سورہ مزمل کا دوسرا رکوع ہے۔اس میں ایک ہی آیت ہے۔
14. قرآن کی سب سے چھوٹی سورت سورۃ کوثر ہے۔3 آیات 11 الفاظ 37 اعراب۔
15. قرآن کی سب سے بڑی سورت سورۃ بقرہ ہے۔286 آیات 40 رکوع 6958 الفاظ
16. سورۃ اخلاص تہائی قرآن ہے جبکہ سورۃ نصر، سورۃ کافرون اور سورۃ زلزال چوتھائی قرآن ہے۔(ترمذی)
17. قرآن میں آنحضرت ﷺ کو 11 بار "یاایھالنبی" کہا گیا ہے۔
18. عرب ممالک میں ہر پارے کے دو حصے ہوتے ہیں ہر حصہ حزب کہلاتا ہے۔
19. لفظ قرآن قرآن میں بطور معرفہ 50 بار جبکہ بطور نکرہ 80 بار آیا ہے۔(مراد کہ 50 بار لفظ قرآن کا مطلب کلام مجید ہے۔جبکہ 80 بار ویسے ہی پڑھی جانے والی کسی چیز کے معنے میں بطور لفظ استعمال ہوا ہے۔)

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

20. قرآن کی وہ سورتیں جو 100 سے کم آیات والی ہیں مثانی کہلاتی ہیں۔

21. قرآن کی وہ سورتیں جو 100 سے زیادہ آیات والی ہیں مئیں کہلاتی ہیں۔

22.22۔قرآن کے دوسرے اور پانچویں پارے سے نہ کسی سورت کی ابتدا ہوتی ہے اور نہ ہی انتہا۔

23. قرآن کے دو جملے جن کو الٹی سمت سے پڑھا جائے تب بھی وہی رہتے ہیں:

کل فی فلک (سورہ الانبیاء آیت 33)

ربک فکبر (سورہ مدثر آیت 3)

24. قرآن پاکی کی سورۃ مجادلہ کی ہر آیت میں لفظ خاص " اللہ" آیا ہے۔

25. قرآن کے 8 پارے ایک نئ سورت سے شروع ہوتے ہیں۔

26.26۔قرآن پاک میں صحابہ میں سے صرف ایک صحابی کا نام آیا ہے : حضرت زید بن حارث رضی اللہ عنہ

27.ہدہد کا نام قرآن میں صرف ایک بار آیا ہے سورۃ نمل آیت 20 میں

28. قرآن میں ہے کہ قیامت کے دن اللہ کے عرش کو 8 فرشتوں نے تھام رکھا ہوگا (الحاقہ آیت 17)

29. قرآن میں سب سے زیادہ بار دہرائی جانے والی آیت (ترجمہ: اور تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کو جھٹلاؤ گے) ہے۔ 31 دفعہ سورۃ رحمٰن میں

30. قرآن میں تین مساجد کا نام آیا ہے۔مسجد اقصیٰ، مسجد حرام اور مسجد ضرار

31. قرآن کے مطابق سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو 9 معجزے عطا کیے گئے تھے۔

(بنی اسرائیل آیت 101)(سورہ نمل آیت 12)

32. پانچ نبیوں کے نام جن کے نام اللہ رب العزت نے ان کی پیدائش سے پہلے بتا دیے تھے۔

جواب۔1۔سیدنا احمد ﷺ

سورہ صف آیت 6

2۔سیدنا یحیٰ علیہ السلام

سورہ مریم آیت 7

3۔سیدنا عیسیٰ علیہ السلام

سورہ آل عمران آیت 45

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

4۔سیدنااسحاق علیہ السلام

5۔سیدنا یعقوب علیہ السلام

سورہ ہود آیت 71

33. قرآن الحکیم میں اللہ رب العزت نے اپنی صفت ربوبیت کا ذکر سب سے زیادہ مرتبہ فرمایا ہے۔لفظ رب 1498 مرتبہ قرآن میں آیا ہے۔

34. قرآن کی سورہ فاتحہ کو قرأت واجبہ کہتے ہیں کیونکہ نماز میں اس کا پڑھنا واجب ہے۔

35. قرآن میں دو دریاؤں کا ذکر ہے جو ایک ساتھ ہونے کے باوجود ان کا پانی ایک دوسرے میں مکس نہیں ہوتا۔ان میں سے ایک کا ذائقہ کھارا اور دوسرے کا میٹھا ہے۔قرآن میں ان کا ذکر سورۃرحمٰن آیت 19 اور 20 میں ہے اور یہ کیپ ٹاؤن ، ساؤتھ افریقہ میں واقع ہیں۔

36. سورہ صمد، سورہ نجات، سورہ اساس، سورہ معوذہ، سورہ تفرید، سورہ تجرید، سورہ جمال اور سورہ ایمان سورہ اخلاص ہی کے نام ہیں۔

37. قرآن کی سورۃ حجر کی آیت نمبر 72میں اللہ رب العزت نے اپنی نبی ﷺ کی عمر کی قسم کھائی ہے

" تیری عمر کی قسم! وہ تو اپنی بد مستیوں میں سرگرداں تھے"

38. قرآن کی 5 سورتوں کا آغاز "الحمد"سے ہوتا ہے۔

سورۃ فاتحہ، سورۃ انعام، سورۃ سبا، سورۃ کہف ، سورۃ فاطر

39. قرآن کی 5 ہی سورتوں کا آغاز قل سے ہوتا ہے۔

سورۃ اخلاص، سورۃ کافرون، سورۃ فلق، سورۃ الناس اور سورۃ جن

40." لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ"

پورا کلمہ طیبہ قرآن میں کسی ایک بھی جگہ نہیں آیا ہے۔

41." بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" سب سے پہلے سیدنا خالد بن سعید رضی اللہ عنہ نے لکھی تھی۔

42. قرآن میں 4 سبزیوں کا ذکر ہے۔

ساگ، ککڑی، لہسن، پیاز

43. قرآن کی آخری وحی کے کاتب حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

44. قرآن میں 3 شہروں کا ذکر ہے۔

یثرب، بابل اورمکہ

45. قرآن میں 4 پہاڑوں کا ذکر ہے۔

کوہ جودی، کوہ صفا، کوہ مروہ اور کوہ طور

46. قرآن میں 4 دھاتوں کا ذکر ہے۔

لوہا، سونا ،چاندی اور تانبا

47. قرآن میں 3 درختوں کا ذکر ہے۔

کھجور، زیتون اور بیری

48. قرآن میں 5 پرندوں کا ذکر ہے۔

ہدہد، ابابیل، کوا،تیترا ور بٹیر

49. قرآن نے ابولہب کے علاوہ کسی کو کنیت سے نہیں پکارا۔

عرب کسی کو عزت اور شرف سے نوازنے کے لیے کنیت سے پکارتے تھے۔لیکن یہاں مقصد یہ نہیں بلکہ یہ تھا کہ ابولہب کا اصل نام عبدالعزیٰ تھا جو کہ شرکیہ نام تھا اور قرآن میں شرک کا کیا کام؟

50. قرآن کی سب سے طویل نام والی سورت سورۃ بنی اسرائیل ہے۔

51. قرآن کی سب سے زیادہ اسماء الحسنیٰ والی آیت سورۃ حشر کی آیت 23 ہے۔

52. قرآن میں پیغمبران کے نام پہ 6 سورتیں ہیں۔

یونس، یوسف، ہود، ابراہیم، محمد اور نوح

53. قرآن کی3 سورتیں جن کا نام ان کے پہلے لفظ سے لیا گیا ہے:

طٰہٰ، یٰسین اور ق

54. قرآن کی 12 سورتیں جن کے نام میں کوئی نقطہ نہیں آتا۔

مائدہ، ہود، رعد، روم، ص، محمد، طور، ملک، دہر، اعلیٰ، عصر، طٰہٰ

55. قرآن میں لفظ الرحمٰن 57 اور الرحیم 114 مرتبہ آیا ہے۔

56. قرآن میں لفظ ابلیس 11 مرتبہ آیا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

57. قرآن میں انسانوں میں سے سب سے زیادہ ذکر سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا آیا ہے۔136 بار (کم و بیش)

58. حضور ﷺ کے بعد قرآن کے پہلے حافظ سیدنا عثمان ذالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔

59. سورہ بنی اسرائیل کا ہی دوسرا نام سورۃ اسراء ہے۔

60. سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو ترجمان قرآن کہا جاتا ہے۔

61. قرآن میں لفظ احمد صرف ایک بار آیا ہے اور محمد ﷺ 4 بار

62. قرآن میں لفظ اللہ 2698 دفعہ آیا ہے۔

63. قرآن کی سورۃ حج میں مکھیوں ، سورۃ بقرہ میں طالوت اور جالوت، سورۃ نمل میں ہدہد، سورۃ کہف میں حضرت موسیٰ علیہ السلام اور سیدنا خضر کا ذکر آیا ہے۔

64. سورہ نمل میں دابۃ الارض کا ذکر آیا ہے۔آیت : 82

65. سورۃ طٰہٰ میں سامری کا ذکر آیا ہے۔آیت 85 تا 98

66. قرآن کی جس سورت کا آغاز دو پھلوں کے ناموں سے ہوا وہ سورۃ تین ہے۔(تین: انجیر، اور زیتون)

67. قرآن کی جس سورت کا اختتام دو نبیوں کے ناموں پہ ہوتا ہے وہ سورۃ اعلیٰ ہے۔(ابراہیم و موسیٰ علیہ السلام)

68. قرآن کی حوامیم (یعنی جن سورتوں کا آغاز حٰم سے ہوتا ہے) 7 ہیں۔

غافر، فصلت، زخرف ، دخان، جاثیہ، احقاف اور شوریٰ

69. قرآن کی 5 سورتیں جن کا آغاز ا ل ر سے ہوتا ہے۔

یونس، ہود، یوسف، ابراہیم اور حجر

70. قرآن کی 3 سورتیں جن کی ابتدا سبح سے ہوتی ہے۔

حدید، حشر اور صف

71. سورتیں جن کا آغاز یسبح سے ہوتا ہے۔

جمعہ اور تغابن

72. دو سورتیں جن کی ابتدا تبارک سے ہوتی ہے۔

فرقان اور ملک

73. چھ سورتیں جن کی ابتدا ا ل م سے ہوتی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

بقرہ، عمران ، عنکبوت، روم لقمان، سجدہ

74. دو سورتیں جن کا آغاز طسم سے ہوتا ہے۔

شعرا اور قصص

75. چار سورتیں جن کی ابتدا انا سے ہوتی ہے۔

فتح، نوح ، قدر اور کوثر

76. دوسورتیں جو ویل سے شروع ہوتی ہیں۔

مطففین اور ھمزہ

77. تین سورتیں جن کی ابتدا یا ایھا النبی سے ہوتی ہے۔

احزاب، طلاق اور تحریم

78. سورۃ اخلاص کی تمام آیات ر پہ ختم ہوتی ہیں۔

79. قرآن کی سورۃ توبہ کی آیت 36 میں ہے کہ مہینے تعداد میں 12 ہیں۔

80. سورہ مجادلہ کا دوسرا نام سورۃ ظہار ہے۔

81. قرآن کی پے در پے تیں سورتیں جن میں لفظ اللہ نہیں آیا: رحمٰن، واقعہ قمر

82. سورہ محمد کا دوسرا نام سورہ قتال ہے۔

83. قرآن کی سات سورتیں حیوانوں کے نام پہ آئی ہیں۔

بقرہ (گائے)، انعام(مویشی)، نحل(شہد کی مکھیاں)، نمل(چیونٹیاں)، عنکبوت (مکڑی)، عادیات(گھوڑے) اور فیل(ہاتھی)

84. آدم علیہ السلام کا ذکر قرآن میں 25 بار، ادریس علیہ السلام کا 2 بار، نوح علیہ السلام کا 43 بار، ہود علیہ السلام کا 7 بار، صالح علیہ السلام کا 9 بار، ابراہیم علیہ السلام کا 69 بار، لوط علیہ السلام کا 27 بار، اسماعیل علیہ السلام کا 12 بار، اسحاق علیہ السلام کا 17 بار، یعقوب علیہ السلام کا 16 بار، یوسف علیہ السلام کا 27 بار، ایوب علیہ السلام کا 4 بار، شعیب علیہ السلام کا 11 بار، ہارون علیہ السلام کا 20 بار، ذوالکفل علیہ السلام کا 2 بار، داؤد علیہ السلام کا 16 بار، سلیمان علیہ السلام کا 17 بار، الیاس علیہ السلام کا 2 بار،الیسع علیہ السلام کا 2 بار، یونس علیہ السلام کا 4 بار، زکریا علیہ السلام کا 7 بار، یحییٰ علیہ السلام کا 5 بار اور عیسیٰ علیہ السلام کا 25 بار ذکر آیا ہے۔کمی بیشی اللہ معاف فرمائے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

دنیا اور اسلام میں سب سے پہلے، سب سے بڑے، سب سے چھوٹے وغیرہ

85. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سب سے پہلے حضرت سلیمانؑ پر نازل ہوئی۔
86. بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اسلام میں سب سے پہلے حضرت خالد بن سعیدؓ نے لکھی۔
87. سب سے پہلے ہتھیار حضرت ادریسؑ نے بنائے۔انہوں نے ہی سب سے پہلے جہاد کیا۔
88. سب سے پہلے کمان حضرت ابراہیمؑ نے بنائی۔
89. قرآن کا اردو ترجمہ سب سے پہلے 1776 میں شاہ رفیع الدین نے کیا تھا۔
90. سب سے پہلے کوڑا یمن کے بادشاہ الاصبح بن مالک نے ایجاد کیا۔
91. سب سے پہلے لمبا گڑھا ذونواس الحمیری نے کھدوایا۔
92. سب سے پہلے درہ حضرت عمر فاروقؓ نے بنوایا۔
93. سب سے پہلے فارسی کمان نمرود نے تیار کروائی۔
94. سب سے پہلے حضرت اسمٰعیلؑ گھوڑے پہ سوار ہوئے اس سے پہلے گھوڑا جنگلی جانور تھا۔
95. سب سے پہلے خچر قارون نے استعمال کیا۔
96. سب سے پہلے منجنیق جزیمہ بن مالک الابرش نے بنائی۔
97. سب سے پہلے تلوار سعد شبیلی نامی شخص کے لیے بنائی گئی۔
98. سب سے پہلے لوہے کی زین مہلب بن ابی صفرہ کے لیے بنائی گئی۔
99. اسلام میں سب سے پہلے تلوا رحضرت زبیر بن العوامؓ نے بلند کی۔
100. اسلام میں سب سے پہلے مردوں میں حارث بن ابی حالہؓ اور عورتوں میں حضرت سمیہؓ کو شہادت ملی۔
101. اسلام میں سب سےپہلے اللہ کی راہ میں تیر حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے چلایا۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

102. سب سے پہلے لشکروں کو پابندی سے فرعون نے جمع کیا۔
103. اسلام میں سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کی پھپھی حضرت صفیہؓ نے کسی مشرک کو قتل کیا۔
104. اسلام میں سب سے پہلے نضر بن الحارث کی گردن کاٹی گئی۔
105. اسلام میں منجنیق کا استعمال سب سے پہلے غزوہ طائف میں ہوا۔
106. اسلام میں سب سے پہلے زخمی ہونے والا گھوڑا حضرت جعفرؓ بن طیار کا تھا۔غزوہ موتہ میں
107. سب سے پہلے کعبہ کی تعمیر حضرت آدمؑ نے کی۔
108. سب سے پہلے حضرت آدمؑ نے سر منڈایا۔
109. سب سے پہلے پرندہ حضرت آدمؑ نے پالا۔
110. سب سے پہلے الحمدللہ حضرت آدمؑ نے کہا۔
111. سب سے پہلے حضرت آدمؑ نے شعر کہا۔
112. سب سے پہلے قلم سے حضرت ادریسؑ نے لکھا۔
113. سب سے پہلے علم فلکیات کو حضرت ادریسؑ نے جانا۔
114. سب سے پہلے روئی سے بنا کپڑا حضرت ادریسؑ نے پہنا۔
115. سب سے پہلے کشتی حضرت نوحؑ نے بنائی۔
116. سب سے پہلے انبیاء میں داڑھی حضرت ابراہیمؑ کی سفید ہوئی۔
117. سب سے پہلے اللہ اکبر حضرت ابراہیمؑ نے کہا۔
118. سب سے پہلے کلی اور مسواک حضرت ابراہیمؑ نے کی۔
119. سب سے پہلے ناک میں پانی حضرت ابراہیمؑ نے ڈالا۔
120. سب سے پہلے منبر پہ خطبہ حضرت ابراہیمؑ نے دیا۔
121. سب سے پہلے مہندی کا استعمال حضرت ابراہیمؑ نے کیا۔
122. سب سے پہلے مہمان نوازی حضرت ابراہیمؑ نے کی۔
123. سب سے پہلے پاجامہ حضرت ابراہیمؑ نے پہنا۔
124. سب سے پہلے سر کے بالوں کی مانگ حضرت ابراہیمؑ نے نکالی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

125. سب سے پہلے آب زم زم حضرت اسماعیلؑ کے لیے ظاہر کیا گیا۔
126. سب سے پہلے کاغذ حضرت یوسفؑ نے بنایا۔
127. سب سے پہلے لوگوں پر ٹیکس شعیبؑ کی قوم نے لگایا۔
128. سب سے پہلے طاعون موسیٰؑ کے دور میں قوم فرعون کو ہوا۔
129. سب سے پہلے موسیٰؑ پہ ایمان لانے والے شخص کا نام خربیل تھا۔
130. سب سے پہلے زرہ حضرت داؤدؑ نے بنائی۔
131. سب سے پہلے حمام حضرت سلیمانؑ نے بنوائے۔
132. سب سے پہلے قبا حضرت سلیمانؑ نے پہنی۔
133. سب سے پہلے کبوتر حضرت سلیمانؑ نے پالا۔
134. سب سے پہلے خلیفہ کا لقب حضرت ابوبکر صدیق ؓ کو ملا۔
135. سب سے پہلے امیر المؤمنین کا لقب حضرت عمر فاروقؓ کو ملا۔
136. سب سے پہلے قاضی القضاۃ کا لقب قاضی یوسف کو ملا۔
137. سب سے پہلے سلطان محمود غزنوی کو کہا گیا۔
138. دنیا کا سب سے پہلا اسپتال بغداد میں قائم کیا گیا۔
139. دنیا کی سب سے پہلی کتاب 1457 میں جرمن زبان میں شائع ہوئی۔
140. اردو کا پہلا ناول مراۃ العروس ڈپٹی نذیر احمد نے لکھا۔
141. دنیا میں لوہے کی سب سے پہلی چیز چھری تھی۔
142. دنیا میں سب سے پہلے اڑنے کی کوشش جان سمیٹن نے کی تھی۔
143. سب سے پہلے عذاب الٰہی نوحؑ کی قوم پہ آیا۔
144. بطور ہیرو سب سے زیادہ فلموں میں کام کرنے پہ سلطان راہی کا نام گنیز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں شامل ہے۔
145. دنیا کا پہلا سنگر شیطان تھا۔
146. انسانی جسم کا سب سے تیزی سے بڑھنے والا ٹشو بون میرو یعنی ہڈیوں کا گودا ہے۔ دوسرے نمبر پہ بال ہیں۔
147. برصغیر کی پہلی بولنے والی فلم عالم آراء تھی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

148. مالدیپ اسلامی دنیا کا سب سے چھوٹا ملک ہے

149. دنیا کی سب سے طویل جہازی نہر مصر میں واقع نہر سویز ہے۔ سو میل لمبی ایک سو ستانوے فٹ چوڑائی اور چوبیس فٹ گہرائی.

150. انسانی جسم کی سب سے چھوٹی ہڈی سٹیپس ہے جو آپکے کان میں موجود ہے۔

151. دنیا میں سب سے زیادہ جھونپڑیاں بنگلہ دیش میں ہیں۔

152. آپکے ناخنوں میں سب سے تیزی سے بڑھنے والا ناخن مڈل فنگر یعنی درمیانی انگلی کا ہے۔باقی ناخن انگلی کی لمبائی کے لحاظ سے بڑھتے ہیں سب سے آہستگی سے پنکی یعنی چھوٹی انگلی کا بڑھتا ہے۔

153. دنیا کا سب سے بڑا صحرا صحرائے اعظم صحارا۔ فی مہینے ایک کلومیٹر کی رفتار سے بڑھ رہا ہے۔ہر مہینے یہ ایک کلومیٹر بڑا ہو جاتا ہے۔

154. اب تک دریافت ہونے والے ڈائنوسارز کے آثار کے مطابق سب سے بڑے ڈائنوسار کا وزن 13 ہاتھیوں کے برابر تھا۔

155. سب سے زیادہ نقطہ پگھلاؤ ایک دھات ٹنگسٹن کا ہے یہ وہی دھات ہے جو عام بلب میں استعمال کی جاتی ہے اس کا نقطہ پگھلاؤ 3422 درجے سینٹی گریڈ ہے۔

156. سب سے پہلے جس شخص نے جھنڈا اٹھایا وہ حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام تھے۔ آپکو اطلاع ملی تھی کہ کسی گروہ نے حضرت سیدنا لوط علیہ السلام پہ حملہ کر دیا ہے آپ علیہ السلام نے جھنڈا تیار کیا اور غلاموں اور خادموں کے ساتھ روانہ ہوئے۔ اس طرح جھنڈے کی ابتدا ہوئی۔

157. اردو میں سب سے پہلی تفسیر قاضی محمد معظم نے لکھی۔ نام تھا تفسیر ہندی

158. چاند پہ سب سے پہلے گالف کھیلا گیا

159. ایلن چرچ دنیا کی سب سے پہلی ایئر ہوسٹس تھی۔

160. سب سے بڑا گھونسلہ ٹرمائس پرندہ بناتا ہے۔

161. حضرت سعد بن ضرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں میں پہلے صحابی ہیں جو جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

162. پنجابی کے پہلے صاحب دیوان شاعر ملا بخش کشتہ تھے۔

163. برصغیر میں سب سے پہلے راکٹ ٹیپو سلطان اور حیدر علی کی فوجوں نے استعمال کیا 1792 میں۔ اس کا وزن 61 پونڈ تھا اور رینج 1 میل تھی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

164. سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو جھنڈا بنا کے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرمایا وہ سفید رنگ کا تھا۔

165. پاکستان کی سب سے بڑی ریلوے سرنگ خوجک ہے۔

166. دنیا کا پہلا ہسپتال بغداد میں قائم کیا گیا تھا اور اس کا نام بیمارستان رکھا گیا تھا۔

167. برصغیر میں پہلی فرانسیسی فیکٹری پانڈی چری اور پہلی انگریز فیکٹری سورت کے مقام پہ لگائی گئی۔

168. دنیا کی سب سے لمبی نظم مہابھارت ہے جس کی دولاکھ بیس ہزار سطریں ہیں۔

169. سب سے زیادہ چمکتا سیارہ زہرہ ہے۔

170. اردو کا پہلا ناول ڈپٹی نذیر احمد نے لکھا جس کا نام مراۃ العروس تھا یہ ناول لکھنے پہ ڈپٹی نذیر احمد کو انگریز حکومت کی جانب سے 1000 روپیہ انعام دیا گیا تھا۔

171. سب سے پہلا اردو شاعر مسعود سعد سلمان ہے۔

172. اردو کی پہلی شاعرہ ماہ لقا بائی چندہ ہیں

173. بالسا دنیا کی سب سے ہلکی لکڑی جب کہ بلیک آئرن ووڈ دنیا کی سب سے بھاری لکڑی ہے۔

174. سب سے زیادہ کھائی جانے والی سبزی آلو ہے۔

175. ترکی نے مسلمان ممالک میں سے سب سے پہلے اپنی خواتین کو ووٹ ڈالنے کا حق دیا

176. دنیا کا پہلا ساز بانسری کو کہا جاتا ہے۔

177. دنیا کے سب سے پہلے کمپیوٹر کا نام مارک اول تھا۔

178. سندھی زبان کا پہلا ناول زینت تھا۔

179. اردو میں پہلی مسدس محمد رفیع سودا نے لکھی۔

180. سب سے پہلے دواسازی کی دکانیں عربوں نے قائم کی تھیں۔

181. اردو کی پہلی کتاب حضرت خواجہ گیسو دراز کی کتاب معراج العاشقین ہے۔

182. انسان کے بعد سب سے زیادہ ذہین ترین مخلوق مکڑیاں ہیں۔

183. پاکستانی کی پہلی خاتون شاعرہ ادا جعفری ہیں۔

184. سال کو بارہ مہینوں میں سب سے پہلے مصریوں نے تقسیم کیا تھا۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

185. برصغیر میں پہلا مارشل لاء 1919 میں لگایا گیا تھا۔

186. آئمہ اربعہ میں سے سب سے کم عمر حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے پائی۔

187. دنیا کی سب سے پہلی خاتون پروفیسر مادام میری کیوری تھی۔

188. امریکہ میں پہلی موبائل لائبریری بنجمن فرینکلن نے قائم کی تھی۔یہ امریکہ کا پہلا پوسٹ ماسٹر جنرل تھا۔ اسے ہی فلاڈلفیااور امریکہ کا پہلا شہری مانا جاتا ہے۔اس کے علاوہ یہ بندہ ادیب بھی تھا۔سیاست دان بھی

189. تھا۔سائنسدان بھی تھا۔موسیقار بھی تھا۔ڈپلومیٹ بھی تھا۔اسے امریکہ کے بانیوں میں بھی شمار کیا جاتا ہے۔

190. دنیا میں سب سے زیادہ جھونپڑیاں بنگلہ دیش میں ہیں۔

191. دنیا کی سب سے پہلی یونیورسٹی ٹیکسلا میں قائم کی گئی تھی۔

192. شام کے دارالحکومت دمشق کو دنیا کا سب سے قدیم دارالحکومت مانا جاتا ہے۔

193. نہیں ہیں۔

دنیا میں سب سے زیادہ لوگ اگر کسی خوراک سے الرجک ہیں تو وہ گائے کا دودھ ہے۔جی ہاں آپ اکیلے

194. قرآن کا سب سے کم استعمال ہونے والا حرف ظ ہے جو صرف 36 دفعہ استعمال ہوا ہے۔

دنیا کی پہلی مکمل تاریخ جامع التواریخ کو سمجھا جاتا ہے جس کا مصنف ایران کا مشہور مؤرخ فضل اللہ رشید الدین تھا۔یہ کتاب 1311 میں اختتام پذیر ہوئی۔یہ کتاب دو جلدوں پہ مشتمل تھی جس میں سے پہلی جلد میں ترک اور مغل قبائل کی تاریخ بیان کی گئی۔جب کہ دوسری جلد میں حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضور صلی

195. اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے لیکر اس وقت تک کے بادشاہوں کے حالات درج تھے۔

حضرت سیدنا صہیب رومیؓ وہ خوش قسمت صحابی ہیں جو سرور دوعالم ﷺ کے پیارے پیارے ہاتھوں

196. سے سب سے پہلے جام کوثر نوش فرمائیں گے۔ (کنز الاعمال جلد 11 صفحہ 756)

دنیا میں سب سے زیادہ اہرام سوڈان میں ہیں۔سوڈان 220 اہراموں کے ساتھ سرفہرست ہے۔اگرچہ سب

197. سے بڑے اور مشہور اہرام مصر میں ہیں لیکن تعداد کے لحاظ سے سب سے زیادہ سوڈان میں ہیں۔

198. سب سے پہلے جس سورت میں سجدہ آیا وہ سورہ نجم تھی۔ابن کثیر

199. مسجد نمرہ وہ واحد مشہور مسجد ہے جہاں پورے سال میں صرف دو فرض نمازیں پڑھائی جاتی ہیں.

دنیا کی پہلی خاتون صدر ارجنٹائن کی مسز ازابیلا پیرون تھیں اور سب سے پہلی خاتون وزیراعظم سری لنکا کی

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

200. بندرا نائیکے تھیں۔

اردو کے پہلے شاعر کا نام امیر خسرو ہے پہلے ناول کا نام مراۃ العروس ہے اردو کا سب سے طویل ناول علی

201. پور کا ایلی ہے جو ممتاز مفتی نے لکھا تھا۔

پاکستان نے سب سے پہلے اپنی ڈاک ٹکٹوں پہ جانوروں میں سے اونٹ کی تصویر شائع کی اور شخصیات میں سے ایوب خان کی تصویر شائع کی گئی۔اور سب سے پہلے پاکستان کے ڈاک ٹکٹوں پہ علامہ محمد اقبال کے دستخط

202. شائع کیے گئے۔اور پاکستان کے پہلے ڈاک ٹکٹ کا ڈیزائن عبدالرحمٰن چغتائی نے بنایا تھا۔

پاکستان کا پہلا سرکاری دورہ انڈونیشیا کے صدر نے کیا تھا۔جبکہ جناح نے کسی بھی ملک کا دورہ نہیں کیا تھا

203. گورنر جنرل کے طور پہ

جانوروں میں سب سے کوالاز سوتے ہیں24میں سے 22 گھنٹے۔اور سب سے کم زرافے سوتے ہیں صرف دو گھنٹے وہ بھی5 یا

204. 10منٹ کے بریکس میں۔

205. پنجاب کے آخری سکھ حکمران کانام دلیپ سنگھ تھا۔

206. سب سے زیادہ بھینس کا دودھ انڈیا پیدا کرتا ہے دوسرے نمبر پہ پاکستان پیدا کرتا ہے۔

207. تھرڈ امپائر کے زریعے آؤٹ ہونے والے ماسٹر بلاسٹر رمیش سچن ٹندولکر پہلے بیٹسمین تھے۔

208. دنیا کا سب سے سست رفتار جانور گھونگا ہے جس کی رفتار58 سینٹی میٹر فی گھنٹہ ہے۔

209. چاول سب سے پہلے چین میں کاشت کیا گیا۔

210. دنیا میں سب سے زیادہ پیا جانے والا دودھ گائے کا ہے۔

211. دودھ دینے والے جانوروں میں سب سے کم دودھ ہاتھی دیتا ہے۔

سرجری کی ابتدا مصر سے ہوئی جہاں سے 2650 سال قبل مسیح کی ایک کھوپڑی ملی ہے جس کے دو دانت آپریشن کر کے

212. نکال لیے گئے تھے۔

213. پہلا ٹیلی فون ایکسچینج 1979 میں بنایا گیا تھا جس سے 21 فون منسلک تھے۔

214. دنیا کی سب سے پہلی ٹی وی سروس 1935 میں برلن ٹی وی سٹیشن سے نشر ہوئی اور یہ ہفتے میں تین دن نشر ہوتی تھی۔

215. پاکستان کے سکواش کے جادوگر جہانگیر خان کو دنیا میں سب سے زیادہ دفعہ سکواش چیمپیئن رہنے کا اعزاز حاصل ہے۔انہوں نے سکواش کے 555 میچز جیتے تھے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

متفرق معلومات

216. چیتا کے گروہ کو کوآلیشن Coalition کہا جاتا ہے۔

217. ہماری آنکھیں پیدائش سے موت تک ایک ہی سائز کی رہتی ہیں۔

218. وٹامن اے زیادہ تر ہری بھری گھاس، ترکاریوں، گاجر، بند گوبھی، ٹماٹر، گیہوں، مکئی، مچھلی کے جگر، دودھ اور مکھن میں پایا جاتا ہے۔ انڈے کی زردی میں بھی موجود ہوتا ہے۔ اس کی کمی کی وجہ سے عموماً رات کا اندھا پن پیدا ہوتا ہے۔

219. وٹامن ڈی کاڈ مچھلی اور شارک مچھلی کے تیل میں پایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ دودھ، مکھن، بالائی، اور انڈے کی زردی مین پایا جاتا ہے۔ اس کی کمی کی وجہ سے ہڈیاں کھوکھلی اور کمزور ہو جاتی ہیں.

220. آپکے کیمرے کے آٹو فوکس کا تو مجھے نہیں پتا لیکن آپکی آنکھیں ایک سیکنڈ میں 50 چیزوں پہ فوکس کر رہی ہوتی ہیں۔

221. وٹامن ای کا کیمیائی نام ٹوکوفیرول ہے۔ انڈے کی زردی، مونگ پھلی، زیتون کا تیل، پستہ، دودھ، مکھن، سلاد، بند گوبھی، گاجر اور آلو میں پایا جاتا ہے۔ اس کی کمی کی وجہ سے عضلات اور اعصاب میں کمزوری واقع ہوتی ہے۔ اسی کی وجہ سے عموماً عورتوں میں بانجھ پن کی بیماری پیدا ہوتی ہے۔

222. وٹامن کے گوبھی، پالک، سویابین میں پایا جاتا ہے۔ یہ وٹامن خون منجمد ہونے میں مدد گار ہے۔ اس کی کمی کی وجہ سے زخم کے بعد خون رکنا مشکل ہو جاتا ہے۔

223. اونٹوں کے گروہ کو ٹرین کہا جاتا ہے۔

224. فوٹو سینتھی سسز کو اردو میں ضیائی تالیف کہا جاتا ہے۔ سچ بتانا کتنوں کو پتا تھا؟

225. سال میں چار ماہ ایسے ہوتے ہیں جن میں پانچ جمعے ہوتے ہیں۔

226. الوؤں کے گروہ کو پارلیمنٹ کہا جاتا ہے۔ کیا خیال ہے اتفاق کریں گے انگریزوں سے اس معاملے میں ؟

227. برطانوی شاہ جارج سوئم اپنے انسٹھ سالہ دور اقتدار میں ایک مرتبہ بھی ملک سے باہر نہیں گیا تھا۔

228. ہزار جھیلوں کی سرزمین فن لینڈ کہا جاتا ہے۔

229. کارف بال واحد کھیل ہے جسے مرد اور عورتین مل کے کھیلتے ہیں۔

230. گِدھوں کے گروہ کو کمیٹی کہا جاتا ہے۔ یاد رہے گِدھ لکھا ہے گدھا نہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

231. اولمپک مشعل سورج کی کرنوں سے روشن کی جاتی ہے۔

232. پوری زندگی میں ایک انسان 60000 پاؤنڈ خوراک کھاتا ہے تقریباً 6 ہاتھیوں کے وزن جتنی۔

233. بارش کے پانی میں وٹامن بی 12 ہوتا ہے۔

234. ہر منٹ آپکے جسم کے تین سو ملین سیل مر جاتے ہیں لیکن ہر دن آپکے پچاس ٹریلین سیل تبدیل ہو جاتے ہیں۔

235. بچوں میں تقریباً تین سو ہڈیاں ہوتی ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ جڑتے جڑتے دو سو چھ رہ جاتی ہیں۔

236. آپکے ناک اور اوپر والے ہونٹ کے درمیان میں ایک چھوٹا سا گڑھا ہوتا ہے جسے انگریزی میں Philtrum کہا جاتا ہے۔ ابھی تک سائنسدان اس کا کوئی فائدہ تو نہیں ڈھونڈ سکے لیکن اتنا کہا گیا ہے کہ یہ آپ کے ہونٹوں کو حرکت کی زیادہ آزادی دیتا ہے۔

237. زیادہ تو ہارٹ اٹیک سوموار والے دن ہوتے ہیں۔

238. بھینسوں کے گروہ کو گینگ کہا جاتا ہے۔ بیچاریاں

239. آپ کا دل اتنا پریشر پیدا کرتا ہے کہ خون کو تیس فٹ دور اچھالنے کے لیے کافی ہے۔

240. سمندروں کی اوسط گہرائی تقریباً اڑھائی میل ہے۔ اس گہرائی تک نیچے جانے کے بعد پریشر بالکل اتنا ہی ہوتا ہے جتنا سیمنٹ کی بوریوں کے 14 ٹرکوں کے نیچے دبنے کے بعد محسوس ہوتا ہے۔ اندازہ کرو ذرا

241. مچھلیوں کے گروہ کو سکول کہا جاتا ہے۔

242. ابھی تک سمندر کی گہرائی میں سب سے زیادہ گہرا ایک اطالوی باشندہ Umberto Pelizzari ہی گیا ہے جس کا ریکارڈ 236 فٹ ہے۔ ویسے اس سے بھی زیادہ گہرائی میں لوگ گئے ہوں گے لیکن وہ پھر کبھی واپس نہیں آئے۔

243. دو ہزار آٹھ کے بیجنگ المپکس کی وجہ سے چین میں چار ہزار سے زیادہ بچوں کا نام المپک گیمز رکھا گیا تھا۔

244. آپ کو چاپ سٹکس کا پتا ہو گا یہ چائنا کے لکڑی کے چمچ ہوتے ہیں جو آپ نے چینی فلموں میں دیکھے ہونگے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ چین پینتالیس بلین چاپ سٹکس سالانہ استعمال کرتا ہے۔ جو تقریباً پچیس ملین درختوں کے برابر ہے۔

245. چین میں 1981 میں غربت کی شرح 64 فیصد تھی اور یہی شرح 2004 میں 10 فیصد ہو گئی۔

246. انسانی دماغ ایک سو واٹ بلب جتنی توانائی سے چلتا ہے۔

247. انسانی جسم میں موجود خون کی نالیوں کی مجموعی لمبائی 60000 میل ہے۔

248. انسانی دماغ کی سٹوریج کیپسٹی ایک اندازے کے مطابق 1000 ٹیرابائٹ یا اس سے بھی کئی زیادہ ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

249. آپکا دماغ آپکے جسم کی 20 فیصد آکسیجن استعمال کرتا ہے۔

250. چیونٹیوں کے گروہ کو آرمی کہا جاتا ہے۔

251. انسانی دماغ دن کے بجائے رات کے وقت زیادہ کام کر رہا ہوتا ہے اور مصروف ہوتا ہے۔

252. اگر سطح سمندر کی شرط نہ رکھی جائے تو دنیا کا سب سے اونچا پہاڑ امریکی جزیرے ہوائی کے قریب سمندر میں واقع ہے جو مجموعی طور پہ 10 کلومیٹر اونچا ہے سمندر کے اندر سے ناپ کے لایا جائے تو۔ اس کا نام "مانا کی" ہے۔Mauna Kea

253. انسانی دماغ پورے جسم کا درد محسوس کرتا ہے لیکن دماغ کو پہنچنے والی چوٹ دماغ محسوس نہیں کر سکتا۔ بائیو کے سٹوڈنٹس جانتے ہیں کہ انسانی دماغ میں ایسوسی ایٹو نیوران ہوتے ہیں جو درد محسوس نہیں کرتے درد صرف سنسری نیوران محسوس کرتے ہیں۔ آپکے سر میں ہونے والا درد دماغ کے ارد گرد کھوپڑی میں ہو رہا ہوتا ہے دماغ میں نہیں۔

254. کولمبیا کو مگر مچھوں کا دارالخلافہ کہا جاتا ہے۔

255. چہرے کے بال باقی جسم کے بالوں کی نسبت تیزی سے بڑھتے ہیں اگر ایک انسان ساری زندگی شیو نہ کرے تو اسکی داڑھی تیس فٹ تک بڑھ سکتی ہے۔

256. ہوائی جہاز بنانے کے پہلے دن رائٹ برادران نے اسے چار دفعہ اڑایا تھا۔

257. ابھی تک سائنسدان اس چیز کا پتا نہیں لگا سکے کہ ڈائنوسارز کو کس چیز نے ختم کر دیا۔ اور پرندوں، مگر مچھوں اور باقی چیزوں کو زندہ رہنے دیا۔

258. شارک مچھلیاں اس دنیا میں ڈائنوسارز سے بھی پہلے سے موجود ہیں۔ تقریباً چار سو ملین سال پہلے سے

259. زمین کے علاوہ باقی سیاروں کے نام دیوتاؤں کے ناموں پہ رکھے گئے ہیں۔ مرکری دیوتاؤں کا پیغام رساں تھا۔ وینس محبت اور خوبصورتی کا دیوتا۔ مارس جنگ کا دیوتا۔ جیوپیٹر دیوتاؤں کا دیوتا۔ سیٹرن جیوپیٹر کا باپ اور کاشتکاری کا دیوتا۔ نیپچون سمندر کا دیوتا۔

260. کاڈ مچھلی ایک سال میں نوے لاکھ انڈے پیدا کرتی ہے لیکن ان میں سے بہت کم ہی زندہ بچ پاتے ہیں۔

261. ہمارے کان صرف ان آوازوں کو سن سکتے ہیں جن کی ویولینگتھ تقریباً ایک انچ سے 17 میٹر تک ہوتی ہے۔ نارمل آواز کی ویولینگتھ تقریباً 6 فٹ ہوتی ہے۔

262. انسانی جسم میں پائے جانے والے ڈی این اے کی اوسط لمبائی ایک اعشاریہ سات انچ ہوتی ہے۔

263. مولانا ظفر علی خان کو ظفر الملت کہا جاتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

264. اگر آپ ایک ایٹم اور نیوکلیس کا موازنہ کرنا چاہیں تو کچھ اس طرح سے کر سکتے ہیں کہ اگر ایٹم ایک سٹیڈیم ہے تو نیوکلیس اس کے درمیان میں پڑا ہوا مٹر کا دانہ ہے۔

265. قائد اعظم کے مزار کے احاطے میں پانچ شخصیات مدفون ہیں، نوابزادہ لیاقت علی خان، سردار عبدالرب نشتر، محترمہ فاطمہ جناح، جناب نورالامین اور خود قائد اعظم محمد علی جناح۔

266. مگر مچھوں کے گروہ کو بھی Congregation کہا جاتا ہے اور کسی جگہ عبادت کے لیے اکٹھے ہونے والے لوگوں کے لیے بھی یہی لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔

267. مس فلورنس نائٹ اینگل کو لیڈی آف لیمپ کہا جاتا ہے۔

268. ایفل ٹاور کی چوٹی سے 90 کلومیٹر دور تک دیکھا جا سکتا ہے۔

269. وینس میں 177 نہریں اور 400 پل ہیں یہ شہر پانچ ملی میٹر سالانہ کی شرح سے ڈوب رہا ہے۔

270. فرانسیسی مصنف Machel Thaler نے ورب Verb کا استعمال کیے بغیر 233 صفحات کی ایک کتاب لکھی ہے۔

271. آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کے بعد سات مہینے تک حضرت خالد کے مکان پہ رہے مدینے میں۔ خالد حضرت ابوایوب انصاری کا ہی اصل نام تھا۔

272. ٹارزن کا کردار ایڈگر رائس بروز نے ایجاد کیا تھا۔

273. موسیٰ کا لفظی مطلب ہے پانی سے نکالا ہوا۔

274. ہم اپنے آپ کو جس قابل سمجھتے ہیں وہ اس بنیاد پہ سمجھتے ہیں جو ہم کر سکنے کے قابل ہوتے ہیں جبکہ دوسرے ہمیں اس قابل سمجھتے ہیں جو ہم پہلے سے کر چکے ہوتے ہیں۔

275. ریشم کا کیڑا پوری زندگی میں 1000 گز ریشم پیدا کرتا ہے۔

276. جیکب آباد کا پرانا نام خان گڑھ ہے۔

277. علامہ محمد اقبال نے بال جبریل کا نام پہلے نشان منزل رکھا تھا۔

278. چھ ستاروں کا ایک مجموعہ کو ثریا پروین کہلاتا ہے۔

279. شہزادہ شب الو کو کہا جاتا ہے۔

280. حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں ہی اللہ کو پیاری ہو گئی تھی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

281. مولانا محمود الحسن کے بارے میں برصغیر کے ایک انگریز سر جیمز نے کہا تھا
اگر اس کی بوٹی بوٹی بھی کر دی جائے تو ہر بوٹی سے انگریز کے لیے عداوت جھلکے گی۔

282. کوئل کا گھونسلہ نہیں ہوتا۔

283. یہ بات البتانی نے دریافت کی کہ 21 مارچ اور 23 ستمبر کو دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔

284. کوئٹہ کا پرانا نام شاہ کوٹ یا رسول آباد تھا۔

285. تپ دق کا مرج تپ دق میں مبتلا گائے کا دودھ پینے سے بھی ہو جاتا ہے۔

286. ابن خلدون نے اپنی کتاب مقدمہ چار سال میں لکھی۔

287. امام شافعی کا نام محمد تھا شافعی ان کے پڑدادا شافع کی وجہ سے ان کا نام پڑا۔

288. سانپ دو سال تک کھائے پیے بغیر رہ سکتا ہے۔

289. رولز رائس نے آج تک جو کاریں بنائی ہیں ان کا تین چوتھائی آج بھی سڑکوں پہ موجود ہیں۔ رولز رائس کی ایک کار کی تیاری میں چھ ماہ لگتے ہیں۔

290. مومن خان مومن نے اپنی تاریخ وفات خود نکالی جو بالکل درست ثابت ہوئی۔

291. زمین کا خول جس پہ ہم رہتے ہیں کرسٹ کہلاتا ہے۔ اس کے نیچے والا حصہ مینٹل کہلاتا ہے اور درمیانی حصہ کور کہلاتا ہے۔ Crust, Mentle, Core

292. پیارے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

293. آدم علیہ السلام کھیتی باڑی کرتے تھے۔

294. اٹک کا پرانا نام کیمبل پور ہے۔

295. امہات المومنین میں سے صرف حضرت سیدہ خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت سیدہ زینب بنت خزیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں فوت ہوئیں۔

296. موم بتیوں کو استعمال کرنے سے پہلے کچھ گھنٹے فریزر یا فریج میں رکھ دیا جائے تو وہ زیادہ بہتر جلتی ہیں۔

297. جب ہم ڈرے ہوتے ہیں تو ہمارے جسم پہ چھوٹے چھوٹے بال کھڑے ہو جاتے ہیں اس کنڈیشن کو انگلش میں Piloerection کہا جاتا ہے۔ قیاس کیا جاتا ہے کہ ہمارے زیادہ بالوں والے آباؤاجداد اس طرح اپنے بال کھڑے کر کے اپنے آپ کو پہلے سے بڑا محسوس کراتے تھے اور یہ حفاظت کا ایک زریعہ تھا۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

298. کیوی ایسا پرندہ ہے جس کے انڈے کا وزن اس کے وزن کا چوتھائی حصہ ہے۔

299. مغل خاندان کے بادشاہ کو بائیس صوبوں کا خاوند کہا جاتا تھا۔

300. خلا میں جانے کے لیے پہنا جانے والا لباس گیارہ ملین ڈالر مہنگا ہوتا ہے۔

301. اسماعیل علیہ السلام کو ابو العرب کہا جاتا ہے۔

302. میں اقرار کرتا ہوں کہ میں نے اخبار ڈائیلولٹ کے ایڈیٹر ہینرک بروڈر پر قاتلانہ حملہ کیا ہے۔ یہ شخص ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کا ذمہ دار تھا اور اگر مجھے آئندہ موقع ملا تو میں ایسے ہر شخص کو قتل کر دونگا عامر عبدالرحمٰن چیمہ شہید کا پولیس کو دیا جانے والا آفیشل بیان یہ تھا۔

303. پطرس بخاری کا اصل نام سید محمد شاہ تھا۔

304. بادشاہی مسجد کو پہلے عالمگیر مسجد کہا جاتا تھا۔

305. حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سیدنا یحییٰ علیہ السلام کو شہید ابن شہید فرمایا تھا۔

306. شداد نے دنیا میں جو جنت بنوائی تھی اس کا نام ارم تھا۔

307. انسانی دماغ کو کسی کی طرف سے دی گئی تکلیف بھلانے میں اور اسے معاف کرنے میں 6 سے 8 ماہ درکار ہوتے ہیں۔ پھر شاید انسانی دماغ اس درد کو بھول جائے لیکن کچھ لوگ کبھی نہیں بھولتے۔

308. احمد شاہ پطرس بخاری نیویارک میں دفن ہیں۔

309. ایک انچ بارش کے نتیجے میں پانی کی مقدار سو ٹن فی ایکڑ ہو گی۔

310. ہمارے دماغ کا صرف ایک ہی حصہ ہمارے تمام جذبات احساسات کو کنٹرول کرتا ہے جسے امگڈیلا کہا جاتا ہے۔ ڈر، خوف، پیار، محبت، غصہ، خوشی، غم، فتح، شکست، جنسی جذبات، شہوت، شفقت، وغیرہ جیسے تمام جذبات کا اظہار اسی حصے کی ذمہ داری ہے،

311. شکرا ایسا پرندہ ہے جو ہوا میں ساکت رہ سکتا ہے۔

312. شاہ جہاں کی ایک بیٹی کا نام جہاں آراء بیگم تھا جو کپڑوں میں آگ لگنے کی وجہ سے مری تھی۔

313. یہودیوں کو فلسطین میں بسانے سے پہلے کینیا بسانے کا پروگرام تھا۔

314. چاند کا ایک دن اور رات ہمارے دو ہفتوں کے برابر ہوتا ہے۔

315. انشاء خان انشاء نے بے نقط مثنوی لکھی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

316. شاہ حبش نجاشی کا اصل نام اصحمہ تھا۔

317. لڑکی جب پیدا ہوتی ہے تو اس کے جسم میں وہ تمام انڈے موجود ہوتے ہیں جنہوں نے آگے چل کے اس کی اولاد بننا ہوتا ہے۔ پھر یہ انڈے پختہ ہو کے سپرم کے ساتھ ملتے ہیں لیکن 40 سے 45 سال کے بعد یہ پختہ ہونا یعنی میچور ہونا بند ہو جاتے ہیں۔ جبکہ مرد میں سپرم 24 گھنٹے بنتے رہتے ہیں۔ اور ساری زندگی بنتے رہتے ہیں۔ اسی لیے کہا جاتا ہے مرد کبھی بوڑھا نہیں ہوتا۔

318. مینڈک کی گردن نہیں ہوتی۔

319. ٹیپو سلطان کا اصل نام فتح علی تھا۔

320. دنیا میں 530 قسم کے باقاعدہ معلوم ڈر پائے جاتے ہیں۔ جیسے اندھیرے کا ڈر، سکول کا ڈر، خوبصورت لڑکیوں کا ڈر، 13 کے ہندسے کا ڈر وغیرہ وغیرہ

321. مشہور ملکہ ممتاز محل اپنے چودھویں بچے کی پیدائش کے دوران فوت ہوئی تھی۔

322. گوجرانوالہ کو پہلے خان پور کہا جاتا تھا۔

323. برصغیر کا درویش عالم بادشاہ ناصر الدین محمود کو کہا جاتا ہے۔

324. انسان نے جب چاند پہ قدم رکھا اس وقت چاند کی تاریخ 5 جمادی الاول تھی۔

325. گائے 24 میں سے 9 گھنٹے جگالی کرتی ہے۔

326. پاکستان ریلوے کا پرانا نام نارتھ ویسٹ ریلوے تھا۔

327. بلی کو بدہضمی ہو تو گھاس کھاتی ہے۔

328. خواتین مردوں کی نسبت مختلف چیزوں سے زیادہ ڈرتی ہیں یعنی زیادہ تر فوبیاز خواتین میں پائے جاتے ہیں۔

329. میر علی مراد خان تالپور خیر پور ریاست کے حکمران تھے ان کو بہترین نشانہ بازی پہ ملکہ وکٹوریہ نے سر کا خطاب دیا تھا۔

330. مغل ملکہ نور جہاں کا اصل نام مہر النساء تھا۔

331. گینڈے کا سینگ بالوں کا بنا ہوتا ہے۔

332. عام طور پہ کہا جاتا ہے کہ خواتین کاکروچ سے زیادہ ڈرتی ہیں لیکن تحقیقات کے مطابق دنیا میں خواتین سب سے زیادہ سانپوں سے ڈرتی ہیں۔ جبکہ مرد عام طور پہ زندہ دفن کیے جانے سے سب سے زیادہ ڈرتے ہیں۔

333. اردو کی پہلی خاتون ناول نگار رشیدۃ النساء ہیں۔

334. پشتو شاعر سمندر خان سمندر نے کلمہ طیبہ کی تفسیر 25000 اشعار میں لکھی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

335. انسانی دل کی لمبائی چھ انچ ہوتی ہے۔

336. تھیوڈر روزویلٹ امریکہ کا صدر تھا جس نے عمر خیام کی نصف رباعیوں کا اردو ترجمہ کیا تھا۔اور ہمیں علم ہی نہیں ہے کہ عمر خیام تھا کون؟

337. جھاواں پتھر پانی میں نہیں ڈوبتا۔

338. شیطان کا اصل نام عزازیل تھا۔

339. چمگاڈر کی آنکھیں نہیں ہوتیں۔

340. جوش ملیح آبادی اپنی زندگی میں ہی اپنے نام کے ساتھ مرحوم لکھا کرتے تھے۔

341. محمود غزنوی کے زمانے میں لاہور کا نام محمود پور تھا۔

342. حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بئر رومہ 35000 درہم کے عوض خرید کے وقف الاسلام کیا تھا۔

343. وہ فرعون جس نے سیدنا موسیٰ علیہ السلام کی پرورش کی اس کا نام رعمیس تھا لیکن جو فرعون پانی میں غرق ہوا اس کا نام مفتاح تھا۔

344. عورتوں کی آواز کی فریکوئنسی مردوں کے مقابلے میں ذیادہ ہوتی ہے۔

345. ممالیہ جانوروں میں سے سور اور اونٹ تیرنا نہیں جانتے۔

346. سر ایڈمنڈ ہیلری نے ماؤنٹ ایورسٹ سر کرنے کے بعد اسکی چوٹی پہ نیپال بھارت برطانیہ اور اقوام متحدہ کے پرچم نصب کیے۔

347. دنیا کے تمام سمندروں کی اوسط گہرائی دو میل ہے۔

348. ہندومت کے بانی کا کسی کو کچھ پتا نہیں ہے۔ہندوؤں کے مطابق بھگوان نئی روح پیدا نہیں کرسکتا اس لیے سٹاک میں موجود روحوں سے ہی کام چلایا جاتا ہے اور انہیں ہی ادل بدل کے دنیا میں بھیج دیاجاتاہے۔اس عقیدے کو آواگان کہا جاتا ہے۔

349. اولمپک پرچم میں پانچ دائرے پانچ براعظموں کی نمائندگی کرتے ہیں۔

350. دنیا کے سات قدیم عجائب میں سے صرف اہرام مصر ابھی تک باقی ہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

351. سیارہ عطارد، زہرہ،مریخ۔مشتری اور زحل کو بغیر دوربین کے بھی دیکھا جاسکتا ہے۔دیکھے ویسے میں نے بھی کبھی نہیں بس پڑھا ہے کہ دیکھا جاسکتا ہے۔آپ نے کبھی دیکھے ہیں کمپیوٹر سے سر اٹھا کے دیکھیں تو شاید نظر آئیں۔

352. ہر سکھ اپنے ساتھ ہمیشہ کنگھا ،کیس، کڑا،کچھا اور کرپان ضرور رکھتا ہے۔

353. گراموفون ریکارڈ میں صرف ایک لکیر ہوتی ہے.

354. انسان ایک منٹ میں 25 بار پلک جھپکتا ہے۔

355. چاند مکمل طلوع ہو تو اس کی روشنی آدھے چاند کی روشنی سے 9 گنا زیادہ ہوتی ہے۔

356. ماؤنٹ ایورسٹ کو پہلی بار سر کرنے سے پہلے 11 کوہ پیما اسے سرکرنے کی کوشش میں اپنی جان کی بازی ہار چکے تھے۔

357. ایک عام آدمی ایک رات میں اوسطاً 42 مرتبہ کروٹ لیتا ہے۔

358. سکھ بھی خدا کی وحدانیت کے قائل ہیں یعنی وہ اللہ ایک مانتے ہیں۔

359. سنسکرت زبان کی کوکھ سے تقریباً 8 ہزار زبانوں نے جنم لیا۔جن میں سے قابل ذکر بنگالی، ہندی،اردو،سنہالی اور تامل ہیں۔

360. افلاطوں کا اصل نام ارسٹو کلیز تھا۔وہ شاعر بھی تھا فلسفی بھی تھا اور پہلوان بھی تھا۔وہ سقراط کا شاگرد تھا۔اس کا انتقال ایک شادی کی تقریب میں ہوا تھا۔

361. جین مت کے مطابق خدا نام کی کوئی ہستی نہیں ہے انسان کے اندر پائی جانے والی طاقت ہی خدا ہے۔ان کے مطابق کوئی چیز بھی فانی نہیں ہے۔جانوروں کا ہلاک کرنا ،درختوں کا کاٹنا اور پتھروں کا کاٹنا سب گناہ ہے۔

362. صحرا کا چمن حبشہ یعنی ایتھوپیا کو کہا جاتا ہے۔

363. حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شیخ الاسلام کہا جاتا ہے۔

364. انسانی جسم کی فیکٹری جگر کو کہا جاتا ہے۔

365. ہر منٹ زمیں پہ 5000 مرتبہ آسمانی بجلی ٹکراتی ہے۔اور یہ بھی ضروری نہیں کہ بجلی ٹکرانے کے لیے بادل ہوں طوفان ہو آسمانی بجلی بالکل صاف اور نیلے آسمان سے بھی اٹھ سکتی ہے۔

366. سونامی کی لہریں 60 میل لمبی ہوسکتی ہیں اور 500 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کرسکتی ہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

367. شارک پیدا ہونے سے پہلے بھی خطرناک ہوتی ہیں۔ایک سائنسدان جب ایک شارک کا لیبارٹری میں آپریشن کررہا تھا تو اسے ماں کے پیٹ میں موجود شارک کے بچے نے کاٹ لیا۔اووووووئی

368. انیس سو تہتر میں نئی دہلی میں ایک بس دریا میں گرگئی۔78 مسافر ڈوب کے مرگئے اگرچہ وہ ایک رسی کو پکڑ کے بچ سکتے تھے لیکن مسافر دو مختلف ذاتوں سے تعلق رکھتے تھے اس لیے انہوں نے رسی شیئر کرنے سے انکار کردیا اور عزت سے مرنا قبول کر لیا.

369. میکسیکو کے قانون کے مطابق سائیکل یا موٹر سائیکل چلانے والے پیڈل سے اپنا پاؤں نہیں ہٹا سکتے۔

370. سنگا پور میں ببل گم پہ پابندی ہے۔یہ اس لیے کیا گیا کہ لوگ بہتات میں گم کھانے کے بعد کہیں چپکا دیتے تھے جو دوسروں کے کپڑوں یا جسم سے چمٹ جاتی تھی۔کتنا خیال ہے ان حکومتوں کو اپنے عوام کا۔ہائے بجلی

371. یونان کے شہر ایتھنز میں آپ طاق عدد کی تاریخ والے دن صرف طاق عدد والے نمبر والی گاڑی ہی چلاسکتے ہو اسی طرح جفت عدد والے دن صرف جفت عدد والی گاڑی ہی چلائی جاسکتی ہے ورنہ چالان ہو گا۔ایسا کیوں ہے معلوم نہیں ۔مسلم کوئز کمیٹیشن کے ایک ممبر کے مطابق ٹریفک کو کنٹرول میں رکھنے کے لیے ایسا کیا جاتا ہے۔

372. دنیا میں اتنے لوگ نہیں ہیں جتنے آپ کے منہ میں بیکٹیریا ہیں۔فکر نہ کریں ان میں سے کافی سارے کام کے بھی ہوتے ہیں۔

373. اگر آپ تین سو صفحات کا ایک ناول پڑھتے ہیں تو اس ناول کو پڑھتے ہوئے آپکی آنکھوں نے تقریباً ایک کلومیٹر کا سفر طے کیا ہو گا۔

374. آپکی آنکھوں کو اندھیرے سے مکمل طور پہ عادی ہونے کے لیے تقریباً ایک گھنٹہ لگ سکتا ہے اسی لیے پرانے زمانے کے کچھ لٹیرے اپنی ایک آنکھ پہ پٹی باندھے رکھتے تھے اور جب اندھیرے میں جاتے تھے تو پٹی اتار دیتے تھے ان کی وہ آنکھ پہلے سے ہی اندھیرے کی عادی ہوتی تھی اس لیے ان کو اندھیرے میں دیکھنے کی کوئی خاص پریشانی نہیں ہوتی تھی۔

375. کچھ لوگ اپنی زندگی میں کچھ یہی 1000 جلدیں استعمال کرتے ہیں کیونکہ انسانی سکن (جلد) ہر ستائیس دن بعد اتر جاتی ہے اور نئی پیدا ہوتی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

376. کچھ لوگ جن کی ٹانگ یا بازو کسی وجہ سےکاٹ دیا جاتا ہے اس کے بعد بھی کبھی کبھار ان کو اس بازو یا ٹانگ میں خارش یا الجھن جیسا احساس ہوتا ہے اگرچہ وہ بازو یا ٹانگ موجود ہی نہیں ہوتا لیکن فیلنگ یا احساس تو دماغ نے پیدا کرنا ہوتا ہے اور وہ اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتا۔

377. گونج یعنی ایکو پیدا ہونے کے لیے 17 میٹر کا فاصلہ ہونا ضروری ہے۔اس سے کم فاصلے سے بھی ایکو پیدا ہوتی ہے لیکن وہ اتنی جلدی واپس آتی ہے کہ آپکے کان اصل آواز اور ایکو میں فرق نہیں کرپاتے۔

378. ریکٹر (Richter)سکیل کے زریعے زلزلے کی شدت کی پیمائش کی جاتی ہے۔آج تک کا سب سے خطرناک زلزلہ 1960 میں چلی میں آیا تھا جس کی شدت 9 اعشاریہ 5 تھی۔اگر یہ شدت 12 ہو تو زمین کے دوٹکڑے ہوجائیں۔

379. پچھلے دنوں ایک ممبر نے کہا کہ جو آپ اسلامی سوال پوچھتے ہو خاص طور پہ قرآن سے متعلق تو ایسے سوال نہ پوچھا کریں کیوں کہ جو کوئی غلط جواب دے گا گنہگار ہوگا۔میں نے پوچھا ہے تو مجھے یہ ہی کہا گیا ہے کہ ایسا کچھ نہیں ہے جواب دینے والا گنہگار نہیں ہوگا کیونکہ یہ صرف علم کا ایک امتحان ہوگا نہ تو اس سے عقیدے پہ کوئی فرق پڑے گا اور نہ ہی یہ قرآن کی بے ادبی کے زمرے میں آتا ہے۔جواب دینے والا صرف اپنے علم کا اظہار کررہا ہے جو غلط بھی ہوسکتا ہے اور سہی بھی۔اس لیے ایسے سوالات پوچھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔شکریہ

380. ببر شیر ہوا میں 20 میٹر لمبی چھلانگ لگا سکتے ہیں۔

381. انگریزی گنتی میں کہیں بھی لفظ سی cنہیں آتا۔بی bپہلی بار بلین میں آتا ہے۔a سب سے پہلے تھاؤزنڈ میں آتا ہے۔

382. حضور صلی اللہ علیہ وآلہٰ وسلم کے رضاعی والد کا نام حارث تھا۔

383. بی اے میں علامہ محمد اقبال عربی اور انگریزی میں اول آئے تھے اور عربی میں اول آنے پہ خان بہادر فقیر سید جمال الدین گولڈ میڈل ملا تھا اور انگریزی میں اول آنے پہ انہیں خلیفہ محمد حسن ایچی سن میڈل ملا تھا۔

384. چین واحد ملک ہے جہاں چڑیا نہیں پائی جاتی۔

385. پچھلے دنوں میں نے کہا سات قدیم عجائبات میں سے صرف اہرام مصر ہی سلامت ہیں تو ایک ممبر نے کہا کہ دیوار چین کہاں گئی۔ آپکی اطلاع کے لیے یہ سات قدیم عجائبات عالم ہیں اور ان میں دیوار چین نہیں ہے۔

اہرام مصر

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

بابل کے معلق باغات

ڈائنا کا مندر

زیورس کا اولمپیا مجسمہ

مسولیس کا مقبرہ

رہوڈز کا مجسمہ

اسکندریہ کا روشنی کا مینار

ابوالہول کا مجسمہ

386. رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پانچ جانوروں کے مارنے کا حکم دیا چاہے وہ حرم کے اندر ہی کیوں نہ ہوں۔

چوہا

بچھو

چیل

کوا

اور کاٹنے والا کتا

حوالہ صحیح بخاری جلد دوم حدیث نمبر 551

اس کے علاوہ گرگٹ اور چھپکلیوں کو مارنے کے احکامات بھی ہیں۔ صحیح بخاری جلد دوم حدیث 595 اور صحیح مسلم جلد سوم حدیث 1345

387. دنیا کا غیر رسمی وزیراعظم اقوام متحدہ کا سیکرٹری جنرل ہوتا ہے۔

388. مارخور پاکستان کا قومی جانور ہے۔بکرے جیسے اس جانور کی گردن کے گرد لمبے لمبے بال ہوتے ہیں۔سپرنگ جیسے سینگ ہوتے ہیں۔دنیا بھر میں اس کی تعداد صرف 2500 رہ گئی ہے۔قدیم یقین کے مطابق یہ سانپ کھاتا ہے اس لیے اسے مارخور کہا جاتا ہے۔مار خور فارسی زبان کالفظ ہے مطلب سانپ کھانے والا۔

389. "جب وقت آیا تو میں سب سے پہلے آگے بڑھ کے سینے پہ گولی کھاؤں گا"

محمد علی جناح نے یہ الفاظ 16 اکتوبر 1945 کوئٹہ میں کہے تھے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

390. سابق صدر پاکستان غلام اسحاق خان پاکستان کی وہ شخصیت ہیں جو تحصیلدار، چیئر مین واپڈا، سیکرٹری خزانہ، گورنر سٹیٹ بینک، وزیر خزانہ، چیئرمین سینٹ اور صدر کے عہدوں پہ فائض رہے۔

391. جاندار جو بغیر ماں باپ کے پیدا ہوئے.

1۔سیدنا آدمؑ

2۔سیدہ اماں حواؑ

3۔سیدنا صالحؑ کی اونٹنی

4۔سیدنا اسمٰعیلؑ کا دنبہ

5۔سیدنا موسیٰؑ کا اژدہا

6۔سرور کونین ﷺ کے لیے لایا جانے والا یا والی براق

7۔سیدنا عیسیٰؑ نے جو چمگاڈر بنائی تھی۔

8۔قابیل کی راہنمائی کرنے والا کوا

392. ایک ہندو لیڈر سرتیج بہادر سپرو نے ایک دفعہ کہا تھا۔"جناح ایک بگڑا ہوا ضدی بچہ ہے جو مانگتا ہے اسے دے دیجیئے"

393. اہل جنت کی پہلی غذا مچھلی کے جگر کے کباب ہونگے۔

بحوالہ

1۔ صحیح بخاری:جلد دوم:حدیث نمبر 1169

باب: انبیاء علیہم السلام کا بیان

2۔ صحیح مسلم:جلد اول:حدیث نمبر 716

باب: حیض کا بیان

394. حجاج کرام عید کی نماز ادا نہیں کرتے۔

395. 1935 میں رمضان کے 42 روزے رکھے گئے۔کیونکہ اس سال یکم جنوری کو یکم رمضان تھا اور قمری سال چھوٹا ہونے کی وجہ سے دسمبر میں پھر رمضان آگیا اس طرح 42 روزے رکھے گئے

396. پاکستان کے شہر منڈی بہاؤالدین کو" شیروں کا شہر "کہا جاتا ہے

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

397. جارج سٹیفن دنیا کی سب سے پہلی ریل گاڑی کا موجد تھا۔اس نے 17 سال کی عمر میں اپنا نام لکھنا سیکھا تھا

398. وہ کیا چیز ہے جو دن سے روشن ہوسکتا ہے، رات سے کالا ہو سکتا ہے، بلاؤ تو حرام ہے پیو تو حلال ہے، مرد کو دن میں پانچ مرتبہ یاد کرتا ہے، عورت کو زندگی میں ایک مرتبہ۔قرآن میں اس کا ذکر پانچ مرتبہ ہے۔پانچ حروف کا لفظ ہے۔میم سے شروع ہوتا ہے۔

جواب۔مقبرہ

اعمال اچھے تو دن سے روشن، اعمال برے تو رات سے بھی کالا، موت کی تمنا کرو تو حرام، جام شہادت نوش کرو تو حلال، قبر دن میں پانچ مرتبہ مرد کو یاد کرتی ہے عورت کو مر کرایک ہی دفعہ قبرستان جانا ہوتا ہے۔

399. آکسیجن گیس بے رنگ ہے۔لیکن اگر اس کو ٹھنڈا کر کے مائع یا ٹھوس حالت میں لایا جائے تو یہ بے رنگ نہیں رہتی۔مائع یا ٹھوس حالت میں اس کا رنگ نیلا ہوتا ہے

400. دنیا کی سب سے اونچی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ پہ بھی انٹرنیٹ کی سہولت موجود ہے۔یہ سہولت نیپالی کمپنی این سیل کی جانب سے فراہم کی گئی ہے۔

401. سنگاپور میں ایک مشین ہے جسے آپ گلے ملو تو وہ آپ کو کوک کی ایک بوتل دے گی۔ہگ می کوک

402. دنیا میں جتنے انسان ہیں اتنی ہی مرغیاں پائی جاتی ہیں۔

403. کیا آپ جانتے ہیں ماؤنٹ ایورسٹ کے دریافت ہونے سے پہلے بھی دنیا کی سب سے اونچی چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ ہی تھی۔یہ الگ بات ہے کہ اس کا لوگوں کو پتا نہیں تھا۔

404. سقراط کی شہرت کی وجہ اس کا ہر وقت سوالات پوچھتے رہنا تھا۔

405. زیبرا سفید رنگ کا ہوتا ہے اس پہ کالے رنگ کی پٹیاں ہوتی ہیں۔

406. ہمنگ برڈ وہ واحد پرندہ ہے جو پیچھے کی طرف بھی اڑ سکتا ہے۔

407. مکھیاں مچھر اور دوسرے بھنبھنانے والے جانور خود آواز پیدا نہیں کرتے یہ آواز صرف ان کے پروں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے۔

408. بالکل خالص سونا اس قدر نرم ہوتا ہے کہ آپ اسے اپنے ہاتھ سے موڑ سکتے ہو۔

409. بجلی تار کے اندر نہیں بلکہ تار کے اردگرد موجود فیلڈ میں حرکت کرتی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

410. لڈو کے دانے کی الٹی سائیڈیں سات کے برابر ہوتی ہیں۔یعنی چھ کی دوسری طرف ایک ہوگا۔پانچ کی دوسری طرف دو ہوگا۔

411. چمگادڑ اڑتا بھی ہے انڈے بھی دیتا ہے اور دودھ بھی دیتا ہے۔

412. جاپان میں بچے کی عمر میں حمل کے بھی نو ماہ شامل کیے جاتے ہیں۔

413. کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کے ہر ملک میں چھ ماہ دن ہوتا ہے اور چھ ماہ رات ہوتی ہے۔

414. دونوں جبڑوں کی آخری مولر کو عقل داڑھ کہا جاتا ہے۔

415. چودھویں رات کے چاند کو بدر کہتے ہیں۔

416. جھاواں پتھر پانی میں نہیں ڈوبتا۔

417. آئن سٹائن کو بغیر کسی سائنسی تجربے کے نوبل پرائز ملا۔

418. موتیوں کا جزیرہ بحرین کو کہتے ہیں۔

419. پھولوں کا بادشاہ گلاب اور ملکہ گل داؤدی کو کہتے ہیں۔

420. مدد کا نشان ایس او ایس ہوتا ہے۔جس کا مطلب ہے سیو آور سولز Save Our Souls

421. سوئی حضرت ادریس علیہ السلا م اور پل حضرت یوسف علیہ السلام کی ایجاد ہے۔

422. تیرتی ہوئی ناک عام طور پر شارک کو کہا جاتاہے۔

423. آپ کے انگوٹھے کی لمبائی آپ کی ناک کے برابر ہوتی ہے۔

424. اللہ کے عرش کو چار فرشتے اٹھائے ہوئے ہیں قیامت کے دن ان کی تعداد آٹھ ہوجائے گی۔سورہ حاقہ آیت نمبر18۔تفسیر خزائن العرفان از نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ

425. حضرت سیدنا ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل علیہ السلام اورحضرت یعقوب علیہ السلام حضرت یوسف علیہ السلام ایک ہی وقت میں مبعوث ہونے والے باپ بیٹا پیغمبر تھے۔

426. سیدنا اسماعیل علیہ السلام سیدنا یعقوب علیہ السلام اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام اورسیدنا لوط علیہ السلام ایک ہی وقت میں مبعوث ہونے والے چچا بھتیجا پیغمبر تھے۔

427. مرد آزاد ہو تو تین طلاقیں دیتا ہے غلام ہو تو دو طلاقیں دیتا ہے۔

428. کیا آپ کو بھنڈی توری پسند ہے۔نہیں۔۔۔مانیں یا نہ مانیں لیکن یہ پاکستان کی قومی سبزی ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

429. کارف بال وہ واحد کھیل ہے جسے مرد اور عورت مل کے کھیلتے ہیں۔

430. پاکستان کے محمد آصف کے پاس یہ اعزاز ہے کہ انہوں نے اپنے پہلے ٹی ٹونٹی میچ کا پہلا اوور ہی میڈن کروایا تھا۔اسی اوور میں انہوں نے د ووکٹیں بھی لی تھیں۔

پورے سال میں صرف 9 ذوالحج کو ظہر اور عصر کی نمازیں ادا کی جاتی ہیں۔

431. داڑھی سے ڈر لگنے کو Pogonophobia کہا جاتا ہے۔یہ ڈر ملالہ کو لگتا ہے۔

432. انسانی جسم میں سب سے زیادہ سونا پاؤں کے ناخن میں پایا جاتا ہے انگوٹھے کے ناخن میں۔اس کا یہ مطلب نہیں کہ دو اڑھائی کلو پایا جاتا ہے اس کا صرف اتنا مطلب ہے کہ باقی حصوں کی نسبت زیادہ پایا جاتا ہے۔جی جی اکھاڑ کے بیچ آئیں۔

433. فیزیکسٹ تو فزکس پڑھنے والے کو کہتے ہیں چین کے بارے میں پڑھنے والے کو سائنالوجسٹ کہتے ہیں ۔ Sinologist

434. اردو میں قرآن مجید کی سب سے پہلے ترجمہ اور تفسیر 1131 ہجری میں مولانا قاضی محمد معظم سنبھلی نے لکھی۔

435. حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے وقت جس قرآنی نسخے پہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خون لگا تھا وہ اس وقت تاشقند میں محفوظ ہے۔

436. قرآن کی پانچ سورتیں قل سے شروع ہوتی ہیں سورہ اخلاص، سورہ کافرون، سورہ فلق ، سورہ ناس اور سورہ جن

437. پارسی مذہب میں نہ مردے کو جلایا جاتا ہے نہ دفن کیا جاتا ہے اور نہ سمندر میں پھینکا جاتا ہے بلکہ ایک احاطے میں رکھ دیا جاتا ہے اور اسے چیل کوے کھا جاتے ہیں۔

438. پاکستانی شہر چونڈہ کو ٹینکوں کا قبرستان کہا جاتا ہے کیونکہ انیس سو پینسٹھ میں یہاں ٹینکوں کی سب سے بڑی لڑائی ہوئی تھی۔

439. امریکی صدر ہینری ایس ٹرومین نے جاپانی شہروں ہیروشیما اور ناگاساکی پہ ایٹم بم گرانے کے احکامات جاری کیے تھے۔

440. چودہ اگست انیس سو سنتالیس کو ریڈیو پاکستان نے اپنی پہلی نشریات میں سورہ فتح کی تلاوت نشر کی تھی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

441. پاکستانی شہر راولپنڈی کی بنیاد پندرہویں صدی عیسوی میں چودھری جھنڈے خان راول نے رکھی تھی

442. پاکستانی شہر سرگودھا کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ یہ سر اور گودھا کو ملا کے بنایا گیا ہے سر ہندی میں تالاب کو کہتے ہیں اور گودھا ایک فقیر کا نام تھا جو تالاب کے کنارے بیٹھا رہتا تھا اس طرح بنا سرگودھا

443. سب سے پہلے پاکستان میں مصر کا سفارتخانہ قائم ہوا تھا انیس اکتوبر انیس سو سینتالیس کو

444. فیلڈ مارشل ایوب خان چار دن تک ملک کے وزیراعظم بھی رہے تھے۔

445. یہ بات ثابت ہوچکی ہے کہ بوتلوں میں ملنے والے صاف شفاف پانی میں ہلکا تازگی کا ٹیسٹ ڈالنے کے لیے جو چیزیں ڈالی جاتی ہیں وہ جراثیم کے پیدا ہونے کا سبب بنتی ہیں۔اس لیے زیادہ تر سادہ پانی جو اس پانی سے زیادہ صحت مند ہوتا ہے۔یہ کسی علاقے میں گندگی کی وجہ سے پانی آلودہ ہوگیا ہو تو وہ ایک الگ بات ہے۔

446. الو اپنے شکار کو مکمل نگلتے ہیں۔تقریباً بارہ گھنٹے بعد وہ پر، ہڈیاں اور کھال ایک گیند کی شکل میں باہر اگل دیتے ہیں۔

447. اورنگزیب عالمگیر کو فاتح جنوبی ہند کہا جاتا ہے۔

448. تینتیس 33 عیسوی سالوں کے بعد ایک ہجری سال زیادہ ہوجاتا ہے۔

449. فاتح دکن علاؤالدین خلجی کو کہا جاتا ہے۔

450. انسانی دماغ اتنا عقلمند نہیں ہوتا کہ خود سے چہرے تخلیق کرسکے اس لیے ہم خواب میں صرف وہی لوگ دیکھتے ہیں جن کو آپ حقیقی زندگی میں دیکھ چکے ہوتے ہیں چاہے ایک سیکنڈ کے لیے ہی کیوں نہ دیکھا ہو۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہٰ وسلم کی زیارت ایک عنایت ہے بندے پہ جو سائنس کی سمجھ میں کبھی نہیں آسکتی۔

451. قطب الدین ایبک کو ہندوستان میں حاتم ہند کہا جاتا تھا۔

452. پچاس میں سے ایک نوجوان جوانی میں بھی اپنے بستر پہ پیشاب کرتا ہے۔چھوڑ دو یار بچوں والی عادتیں۔

453. حیدرآباد کے پرانے نام بھاگ نگر، بھاگ متی اور محمد نگر تھے۔

454. مریخ کا ایک چاند مغرب سے نکل کے مشرق میں غروب ہوتا ہے۔جبکہ مریخ کا دوسرا چاند مشرق سے طلوع ہوتا ہے۔

455. لارڈ کارنواس ہندوستان کا ایسا گورنر جنرل تھا جو برصغیر میں طبعی موت مرا اور برصغیر میں ہی دفن ہوا۔لارڈ کارنواس کی قبر بھارت کے شہر غازی پور میں ہے۔

456. سٹرابری ایسا پھل ہے جس کے چھلکے کے اوپر بیج ہوتے ہیں۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

457. شیر شاہ سوری قلعہ کالنجر پر چڑھائی کے دوران شہید ہوئے تھے۔

458. ڈولفن کو سمندر کا کھلاڑی بھی کہا جاتا ہے۔

459. لودھی خاندان نے ہندوستان پہ اڑسٹھ سال 68 حکومت کی تھی۔

460. آپ نے گاؤں میں دروازوں پہ سٹکس کی بنی ایک چادر سی دیکھی ہو گی جو پردے کے طور پہ استعمال ہوتی ہے جسے عام زبان میں چِک کہا جاتا ہے۔اردو میں اسے خس کی ٹٹی کہا جاتا ہے اسے مغل بادشاہ اکبر نے ایجاد کیا تھا۔

461. آپ بھوکے رہیں تو 2 ہفتے زندہ رہ سکتے ہیں لیکن اگر آپ دس دن نہ سوئیں تو آپ مر بھی سکتے ہیں۔

462. برصغیر کی ریاست بھوپال میں 125 سال تک عورتوں نے حکمرانی کی۔

463. بائیس خواجہ کی چوکھٹ دہلی کو کہا جاتا ہے۔

464. برصغیر کی مشہور مسلمان ملکہ نور جہاں نے 5000 لاوارث لڑکیوں کی شادی کروائی اور جہیز بھی اپنے پاس سے دیا۔

465. Honorificabilitudinitatibus

سب سے لمبا لفظ ہے جس میں واول اور کانسونینٹس ادل بدل کے آرہے ہیں۔

466. ڈاکٹر لاطینی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب استاد ہے۔

467. مکڑی کی 8 آنکھیں ہوتی ہیں۔

468. مرد زیادہ تر دوسرے مردوں کے بارے میں خواب دیکھتے ہیں جبکہ خواتین مردوں اور عورتوں کے بارے میں برابر تناسب سے خواب دیکھتی ہیں۔

469. پانی کے اندر انسان کے سننے کی طاقت بڑھ جاتی ہے اور دیکھنے کی طاقت کم ہو جاتی ہے۔

470. شرمپ مچھلی کا دل اس کے سر میں ہوتا ہے۔

471. سعودی عرب ایسا ملک ہے جہاں کوئی دریا نہیں۔

472. ہر سال زمین اور چاند میں پانچ انچ کا فاصلہ بڑھ جاتا ہے۔

473. اگر آپ چینی کھانے کے شوقین ہیں تو یاد رہے کہ مردوں کو زیادہ سے زیادہ 9 چمچ اور خواتین کو زیادہ سے زیادہ 6 چمچ چینی کھانی چاہیے اس سے زیادہ کھانے سے پرابلم ہو سکتی ہے۔

474. سورج کی کشش ثقل زمین سے اٹھائیس گنا زیادہ ہے۔

475. شتر مرغ واحد پرندہ ہے جس سے چمڑا حاصل کی جاتا ہے۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

476. پیدائی اندھے لوگ بھی خواب دیکھتے ہیں لیکن انھیں تصویریں دکھائی نہیں دیتیں۔انہیں بس آواز خوشبو جذبات اور چھونے کا احساس ہوتا ہے۔

477. کوکا کولا یا کسی بھی سوڈا کے ایک ٹن پیک کین میں تقریباً 10 چمچ چینی ہوتی ہے۔

478. بندر میں دو دماغ ہوتے ہیں جن میں سے ایک پورے جسم کو کنٹرول کرتا ہے اور دوسرا صرف دم کو کنٹرول کرتا ہے۔

479. چینی بنانے کے پراسس میں چینی میں سے سارے کام کے اجزاء نکال لیے جاتے ہیں جیسے کے وٹامن، منرلز، فیٹس، فائبر وغیرہ وغیرہ اور سفید چینی سوائے کیلوریز کے اور کچھ بھی نہیں ہوتی۔ گڑ کھاؤ گڑ

480. بھارت کے سنیل گواسکر کو براؤن بریڈ مین کہا جاتا ہے۔

481. نیند سے جاگنے کے صرف پانچ منٹ کے اندر آپ اپنا آدھا خواب بھول جاتے ہو دس منٹ میں نوے فیصد سے زیادہ۔

482. پانی ہر قسم کی آگ نہیں بجھا سکتا سوڈیم پانی میں ہی جلتی ہے۔

483. دنیا کا سب سے چھوٹا مینڈک پاپوا نیو گنی میں پایا گیا ہے جس کی لمبائی 7 اعشاریہ 7 ملی میٹر ہے اور اس کا نام

Paedophryne amanuensis

ہے اور یہ دنیا کا سب سے چھوٹا ورٹیبریٹ ہے۔

484. ڈائمنڈ کو اردو میں الماس کہا جاتا ہے۔

485. الو مشرق میں نحوست اور مغرب میں عقلمندی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔

486. انگوروں میں ٹارٹارک ایسڈ اور لیموں میں سٹرک ایسڈ ہوتا ہے۔

487. بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اسکی آنکھوں کا رنگ نیلا ہوتا ہے۔

488. انگریزی میں بچے کو Infant کہا جاتا ہے جس کا مطلب جو بول نہ سکتا ہو

489. نیپچون واحد سیارہ تھا جو علم ریاضی کی بدولت دریافت ہوا وہ اس طرح کہ یورینس کے مدار میں کچھ غیر معمولی تبدیلیاں دیکھی گئیں جس بناء پہ ریاضی دان الیکسس بووارڈ نے کہا کہ کوئی اور سیارہ بھی ہے جو اس کے اوپر اثر انداز ہو رہا ہے۔اس طرح یہ دریافت ہوا۔

490. کووں کے گروہ کو Murder کہا جاتا ہے۔

491. دنیا کی موجودہ آبادی 6 اعشاریہ 7 بلین ہے جبکہ اندازہ ہے کہ 2020 میں صرف انٹرنیٹ استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 5 بلین ہو جائے گی۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

492. انٹرنیٹ پہ اس وقت 100 ٹریلین الفاظ ہیں 40 الفاظ فی منٹ کی سپیڈ سے انہیں ٹائپ کیا جائے تو ساڑھے چار ملین سال لگیں گے۔

493. یوٹیوب پہ اب تک سب سے زیادہ دیکھی جانے والی ویڈیو چارلی بٹ مائی فنگر ہے۔اسے اب تک 20 کروڑ بار دیکھا جاچکا ہے یعنی تقریباً ساڑھے تین سال اس ویڈیو کو دیکھا گیا ہے۔

494. یوٹیوب پہ ہر منٹ 24 گھنٹے کی ویڈیو اپلوڈ کی جاتی ہے یعنی ہر روز تقریباً 4 سال جتنی ویڈیوز

495. دونوں جبڑوں کے آخری مولر کو عقل داڑھ کہتے ہیں۔

496. دودھ کے دانت بچوں میں چھ سات سال کی عمر میں گرتے ہیں۔

497. ترکی میکسیکو اور یونان میں بچے اپنے دودھ کے دانت چھت پہ پھینک کے دعا مانگتے ہیں۔پاکستان میں بچے اپنے دانت چھت پہ دفن کر کے امید کرتے ہیں کہ انکا نیا بہن بھائی آئے گا ﴿ویسے میں نے ایسا کبھی نہیں سنا لیکن ویکیپیڈیا پہ دانتوں کے آرٹیکل میں یہ بات لکھی ہوئی تھی ہوتا ہو گا شاید ایسا﴾۔انڈیا کے کچھ علاقوں میں پرانا دانت سورج کو پیش کیا جاتا ہے۔سری لنکا میں دودھ کا نکلا ہوا دانت چھت پہ پھینک دیا جاتا ہے اور گلہری لے جاتی ہے بچے اسے پکار کے کہتے ہیں یہ دانت لے جاؤ اور نیا دے جاؤ۔

498. ہندسوں میں صفر کا اضافہ ابو عبداللہ محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے کیا تھا۔

499. ایدھی ایمبولینس سروس 1948 میں شروع کی گئی تھی۔اس وقت ان کے پاس 500 ریڈیولنکس ایمبولینس موجود ہیں۔

500. رضائی کو غلط اوڑھے بیٹھی ژوب کی قرۃ العین اور عظمیٰ کے پاس گھر کے ذخیرے سے آناً فاناً ڈش میں ثابت جو، صراحی میں چائے اور پلیٹ میں زردہ آیا۔﴿اردو کا ایک ایسا جملہ جس میں اردو کے تمام حروف استعمال ہوئے ہیں﴾

501. ازوج مطہرات میں سے صرف تین ازواج کو قرآن کریم حفظ تھا۔حضرت سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت سیدہ حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت سیدہ ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

کچھ سائنسز الفاظ کا اردو میں ترجمہ

Mixture: آمیزہ

Foreign body: اجسام غریبہ

Chemical Change: انقلاب عنصری یا استحالہ حقیقی یا تغیر کیمیاوی

Physical Change: استحالہ مجازی یا استحالہ صوری یا تغیر طبعی

Fibrinogen: ام الخیوط

Salts: املاح سادہ زبان میں نمک کہا جاسکتا ہے۔

Calcium Salts: املاح کلیسہ

Blood Clotting: انجماد خون

Tissue: اُنسجہ

Oxygenation: ترویح

Aggregation: تکاثُف

Derivatives: حاصلات

Nucleic Acid: حامض نووی

Enzyme: خامرہ

Yeast: خمیرہ

Carbon Dioxide: دخان

Carbon: فحمین (فخ مین)

Oxygen: نسیم

Albumin: رطوبت بیضیہ

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM

Gel: فالوذج

Sol: محلول

Platelets: صفیحات

Agent: عامل

Vessels: عُروق

Corpuscles: کُریّات

Cells: کُریّات یا خلیات

Protein: لحمیّات

Lecithin: مُحیّن

Blood Serum: مصل دموی

Peptone: ممروئہ

Physiology: منافع الاعضاء

Organic Material: مواد آلیہ

Nucleo-Protein: نووی لحمین

KUTUBISTAN.BLOGSPOT.COM